President of India attends bilateral meetings during his visit to Bangladesh

December 15, 2021

ہندوستان کے صدر کی دورہ بنگلہ دیش کے دوران دو طرفہ میٹنگوں میں شرکت

15 دسمبر، 2021

بنگلہ دیش میں ہندوستان کے صدر؛ انہوں نے دو طرفہ اجلاسوں میں شرکت کی

بنگلہ دیش کو ہندوستان کی 'پڑوسی پہلے' پالیسی میں ایک خاص مقام حاصل ہے: صدر کووند

ہندوستان کے صدر جناب رام ناتھ کووند آج صبح (15 دسمبر 2021) کو ڈھاکہ کے حضرت شاہ جلال بین الاقوامی ہوائی اڈے پر اترے جہاں بنگلہ دیش کے صدر جناب محمد عبد الحمید نے خود ہی ان کا استقبال کیا۔ صدر کووند 15 سے 17 دسمبر 2021 تک بنگلہ دیش کے تین روزہ سرکاری دورے پر ہیں، جو کہ کووڈ وبائی بیماری کے پھیلنے کے بعد سے ان کا پہلا سرکاری دورہ ہے۔

صدر مملکت کا ایئرپورٹ پر شاندار استقبال کیا گیا اور انہیں گارڈ آف آنر دیا گیا۔ اس کے بعد انہوں نے ساور میں قومی شہداء کی یادگار کا دورہ کیا اور بنگلہ دیش کی جنگ آزادی کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس کے بعد، انہوں نے 32 دھانمنڈی میں واقع بنگ بندھو میموریل میوزیم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے بنگلہ دیش کے بابائے قوم، بنگ بندھو شیخ مجیب الرحمان کو خراج عقیدت پیش کیا۔

سہ پہر میں، صدر نے بنگلہ دیش کی سیاسی قیادت – صدر محمد عبد الحمید، وزیر اعظم شیخ حسینہ اور وزیر خارجہ ڈاکٹر اے کے عبد المومن سے ملاقات کی۔

ان میٹنگوں میں صدر جمہوریہ نے بنگلہ دیش کی آزادی کی 50 ویں سالگرہ مجیب بوروشو کے تاریخی موقع پر بھارت- بنگلہ دیش کے باہمی تعلقات کے 50 سال پورے ہونے پر بنگلہ دیش کی حکومت اور وہاں کی عوام کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی آزادی کی جنگ حالیہ تاریخ میں ایک متاثر کن واقعہ تھا اوربھارت کو یہ اعزاز حاصل رہا کہ وہ اسکا حصہ بنا۔ انھو ں نے کہا کہ 50 سال قبل بھارت اور بنگلہ دیش نے ایک خصوصی دوستی شروع کی تھی جو زبان، رشتہ داری، مذہب، اور ثقافتی قدروں کے ساتھ ساتھ آپسی احترام پر مبنی تھی۔

صدر جمہوریہ نے اس بات کو دہرایا کہ بھارت کی' پڑوسی پہلے' کی پالیسی میں بنگلہ دیش کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے ساتھ بھارت کی ترقی میں ساجھیداری سب

سے جامع اور وسیع بنیاد والی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہمارے تعلقات اتنے زیادہ پختہ ہیں کہ پیچیدہ سے پیچیدہ مسائل کو حل کیا جاسکتا ہے۔

تجارت اور کنکٹویٹی کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ کنکٹویٹی بھارت اوربنگلہ دیش کے تعلقات کا ایک اہم ستون ہے۔ دونوں ملکوں کو اپنے جغرافیائی قربت سے کافی کچھ حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ بنگلہ دیش بھارت کے سب سے بڑے تجارتی شرکاء میں سے ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دونوں ملکوں کے درمیان بہت زیادہ منظم اور بلا رکاوٹ تجارت کو آگے لے جانے کا منتظر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلا، نیوکلیائی ٹکنالوجی، دوا سازی اور دیگر جدید سائنڈ اورٹکنالوجی کی سائنس میں شراکت داری کی کافی گنجائش موجود ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ایک باقاعدہ 'جامع اقتصادی شراکت داری سمجھوتہ' دو طرفہ تجارت کو زبردست تقویت فراہم کرے گا۔

کووڈ عالمی وبا کے دوران ہندستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تعاون کا ذکر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے عالمی وبا کے دوران بنگلہ دیش سے حاصل ہونے والی حمایت کی ستائش کی۔ انہوں نے اس بات پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ بنگلہ دیش ہندوستان سے ویکسین حاصل کرنے والے پہلے ممالک میں سے ایک ہے، اور اس نے ہندوستان میں تیار ہونے والی ویکسین سب سے زیادہ حاصل کی ہیں۔

کثیر الجہتی فورم میں تعاون کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان اور بنگلہ دیش کے پاس مسائل اور مشترکہ تشویش کا وسیع ایجنڈا ہے، خاص طور پر جنوبی ایشیا سے متعلق جس میں قریبی تعاون کی ضرورت ہوگی۔

اس کے بعد شام کو صدر جمہوریہ نے بنگ بھون میں ایک ضیافت میں شرکت کی جس کی میزبانی بنگلہ دیش کے صدر محمد عبد الحمید نے کی تھی۔

کل صدر جمہوریہ یوم فتح کی پریڈ دیکھیں گے اور یوم فتح کے استقبالیہ میں شرکت کریں گے جس کی میزبانی بنگلہ دیش کے صدر مجیب بورشو تقریبات کے اختتام کے موقع پر کی ہے۔

ڈھاکہ

15 دسمبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.